روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 10 جون 2005ء 2 جمادی الاول 1426 ہجری 10 احسان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 128

پڑاؤ ڈالنے کی دعا

حضرت خولہ بنت حکیمؓ بیان کرتی ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ جو شخص کسی مکان میں رہائش اختیار کرتے یا کسی جگہ پڑاؤ ڈالتے وقت یہ دعا مانگے۔

''میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں اور اس شر سے جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہے، پناہ چاہتا ہوں۔ تو اس شخص کو یہاں کی رہائش ترک کرنے یا اس جگہ سے کوچ کرنے تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔

(مسلم کتاب الذکر باب التعوذ من سوء القضاء حدیث نمبر:4880)

1 سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا

وینکوور ایئرپورٹ پر شاندار استقبال۔ مشن ہاؤس اور دفاتر کا معائنہ اور فیملی ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

جون 2005ء

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کینیڈا کے سفر پر روانگی کے لئے ساڑھے تین بجے بعد دوپہر اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ اس موقع پر احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے بیت الفضل لندن میں موجود تھی۔ حضور انور نے تمام احباب کو اپنا ہاتھ بلند کر کے السلام علیکم کہا اور دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور ہیتھرو ایئرپورٹ لندن کے لئے روانہ ہوئے۔ ساڑھے چار بجے حضور انور ہیتھرو ایئرپورٹ پر پہنچے۔ حضور انور کی آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور امیگریشن کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔ مکرم امیر صاحب یو۔کے اور دیگر جماعتی عہدیداران حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے حضور انور کے قافلہ کے ساتھ ایئرپورٹ پر آئے تھے۔

حضور انور نے ان سب احباب کو السلام علیکم کہا اور ایئرپورٹ کے اندر VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ یہاں کچھ دیر قیام کے بعد جہاز میں سوار ہوئے۔ ڈیوٹی پر متعین آفیسرز حضور انور کو جہاز کے اندر تک چھوڑنے آئے۔

برٹش ایئرویز کی پرواز BA085 پانچ بجکر چالیس منٹ پر ہیتھرو ایئرپورٹ لندن سے کینیڈا کے وینکوور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئی۔ نو گھنٹے کی مسلسل پرواز کے بعد وینکوور کے مقامی وقت کے مطابق چھ بجکر چالیس منٹ پر (بعد از سہ پہر) جہاز وینکوور کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اترا۔ وینکوور کا وقت لندن سے آٹھ گھنٹے پیچھے ہے۔

جہاز کے دروازہ پر مکرم نسیم مہدی صاحب امیر و مربی انچارج کینیڈا اور مکرم لطف الرحمٰن صاحب (جنہوں نے اپنے دونوں گھر حضور انور اور قافلہ کی رہائش کے لئے پیش کئے ہیں) نے حضور انور کا استقبال کیا۔ استقبال کرنے والوں میں ہربنس دھالیوال صاحب سابق وزیر مال کینیڈا بھی تھے جو خصوصی طور پر حضور انور کے استقبال کے لئے آئے تھے۔ ان کے علاوہ رائل کینیڈین ماؤنٹڈ پولیس (Royal Canadian Mounted Police) جو کینیڈا کی فیڈرل پولیس فورس ہے کے تین آفیسرز جو حکومت کینیڈا کی طرف سے حضور انور کی سیکیورٹی کی ڈیوٹی پر متعین تھے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔

ایئرپورٹ کے اندر امیگریشن ایریا میں ملک لال خان صاحب نائب امیر کینیڈا، چوہدری محمد اسلم شاد صاحب صدر جماعت وینکوور اور مرزا محمد افضل صاحب مربی سلسلہ وینکوور نے حضور انور کو خوش آمدید کہنے کی سعادت حاصل کی۔

حضور انور کو گورنمنٹ کی طرف سے State Guest قرار دیا گیا۔ امیگریشن کے لئے ایک علیحدہ خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا۔ جس نے چند منٹوں کے اندر تمام پاسپورٹس پر اپنی کارروائی مکمل کی۔ سیکیورٹی کے حکام حضور انور کو ایئرپورٹ سے باہر گاڑی تک چھوڑنے آئے۔ بعد میں سارا سامان بھی ایئرپورٹ سیکیورٹی آفیسرز نے اپنی نگرانی میں ایئرپورٹ سے باہر پہنچایا۔

ایئرپورٹ سے حضور انور اپنی رہائش گاہ مکرم لطف الرحمٰن صاحب کے گھر کے لئے روانہ ہوئے جو کہ ایئرپورٹ سے دس منٹ کی ڈرائیو پر ہے۔ جب حضور انور اپنی رہائش گاہ پہنچے تو وہاں موجود احباب نے حضور انور کا استقبال کیا اور بچوں نے حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں پھول پیش کئے۔

کچھ دیر آرام کے بعد حضور انور رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور اپنی رہائش گاہ سے ملحق مکان کا معائنہ فرمایا جہاں قافلہ کے ممبران کی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا اور جس کے عقبی لان میں شامیانہ لگا کر نماز فجر کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور نے اس جگہ کا معائنہ بھی فرمایا۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ یہ شامیانہ قبلہ رخ لگایا گیا ہے اور اس کے پچھلے حصہ میں خواتین کے لئے نماز ادا کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔

اس کے بعد حضور انور سامنے کی گلی میں تشریف لائے اور اس علاقہ کے بارہ میں معلومات حاصل کیں۔ اس دوران حضور انور کی موجودگی کے باعث ڈیوٹی پر موجود خدام اس سڑک سے گزرنے والی ٹریفک کو روک رہے تھے تو حضور انور نے فرمایا کہ ٹریفک کو نہ روکا جائے تاکہ لوگوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔

اس کے بعد آٹھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور احمدیہ مشن ہاؤس وینکوور کے لئے روانہ ہوئے۔ رہائش گاہ سے مشن ہاؤس کا فاصلہ 15 کلومیٹر ہے۔ وینکوور کا یہ مشن ہاؤس، وینکوور شہر کے علاقہ ڈیلٹا میں دریائے Fraser کے کنارے پر واقع ہے۔ جماعت نے یہ جگہ جو رقبہ کے لحاظ سے 3.74 ایکڑ ہے 1995ء میں خریدی تھی۔ مشن ہاؤس کے قریب ہی دریا پر ایک جدید طرز کا بہت لمبا اور بلند Fraser Bridge تعمیر کیا گیا ہے۔ اس پل پر سے گزرتے ہوئے یہاں تعمیر ہونے والی بیت الذکر کے مینار دور سے نظر

(باقی صفحہ 2 پر)

حضور انور کا خطبہ جمعہ کینیڈا سے براہ راست

10 جون 2005ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ وینکوور کینیڈا سے براہ راست پاکستانی وقت کے مطابق جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب 45-1 پر نشر ہو گا۔ پھر 11 جون بروز ہفتہ صبح 20-8 پر اور دوپہر 35-1 پر ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ (نظارت اشاعت)

ضرورت سائنس ٹیچرز

مجلس نصرت جہاں کو اپنے تعلیمی اداروں کیلئے خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے مخلص اساتذہ کی ضرورت ہے۔ جو سائنس کے مضامین پڑھا سکیں۔ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی میں ایم ایس سی پاس مخلصین اپنی درخواستیں ضروری کوائف کے ہمراہ بھجوائیں۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بالائی منزل۔ بیت الاظہار احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 047-6212967

وصیت کرنے میں سبقت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اس کام میں سبقت دکھلانے والے راستبازوں میں شمار کئے جائیں گے اور ابد تک خدا کی ان پر رحمتیں ہوں گی۔'' (الوصیت)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کیلئے دو اساتذہ کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ کی تصدیق سے بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن لکھ کر زیر دستخطی کو جلد از جلد بھجوا دیں۔

مضمون: کیمسٹری۔ فزکس

تعلیمی قابلیت: 1۔ ایم اے سی (کیمسٹری سیکنڈ ڈویژن)

2۔ ایم ایس سی (فزکس سیکنڈ ڈویژن)

(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

(حضور کا دورہ بقیہ از صفحہ 1)

آتے ہیں۔ نو بجے حضور انور مشن ہاؤس پہنچے۔ مشن ہاؤس اور اس کے اردگرد کے ایریا کو نمائشی جھنڈیوں اور خوبصورت بینرز سے سجایا گیا تھا۔ جونہی حضور انور کی گاڑی مشن ہاؤس میں پہنچی تو حضور انور کی آمد کے منتظر احباب اور خواتین نے فرط محبت سے نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔ ہر طرف خوشی ومسرت، ولولہ اور جوش کا عالم تھا۔ اھلاً وسھلاً و مرحبا کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔

نیشنل مجلس عاملہ کینیڈا کے ان ممبران نے حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا جو ٹورانٹو سے ساڑھے چار ہزار کلومیٹر کا سفر طے کرکے وینکوور پہنچے تھے۔ اس کے بعد جماعت وینکوور کی مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا اس موقع پر بچوں کے ایک گروپ نے استقبالیہ نغمات پیش کئے۔

اس کے بعد حضور انور خواتین کے حصہ میں تشریف لے گئے اس موقع پر بچیوں اور خواتین کا جوش بہت ہی ایمان افروز تھا جہاں بچیاں استقبالیہ گیت گا رہی تھیں وہاں خواتین فرط محبت میں نعرہ ہائے تکبیر بلند کر رہی تھیں۔ اور بچیوں نے حضور انور کی خدمت میں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ حضور انور اپنا ہاتھ ہلاتے ہوئے خواتین کے سامنے سے گزرے۔ نعرے بلند کرنے کے ساتھ ساتھ خواتین نے شرف زیارت کی سعادت حاصل کی۔

اس کے بعد حضور انور نے مشن ہاؤس کے مختلف دفاتر کا معائنہ فرمایا اور اس عمارت سے متعلق مختلف امور کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ حضور انور کچھ دیر کے لئے اپنے دفتر میں تشریف لے گئے جہاں حضور انور نے دفتری ملاقاتوں میں ہدایات سے نوازا۔

نو بجکر بیس منٹ پر حضور انور نے بیت الذکر میں تشریف لا کر مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ مشن ہاؤس کے عقبی لان میں دو بڑے شامیانے نصب کرکے مردوں اور عورتوں کے لئے نمازوں کی ادائیگی کے لئے زائد جگہ تیار کی گئی تھی۔ رات کو یہ سارا علاقہ روشنی سے جگمگا رہا تھا۔

ساڑھے آٹھ سو کے قریب احباب وخواتین نے اپنے محبوب امام کا مشن ہاؤس میں استقبال کرنے اور حضور انور کی اقتداء میں مغرب وعشاء کی نمازیں ادا کرنے کی سعادت پائی۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ کے لئے روانہ ہوئے اور دس بجے اپنی رہائش گاہ پر پہنچے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا کینیڈا کی انتہائی مغربی جماعتوں کا یہ پہلا دورہ ہے۔ گزشتہ سال حضور انور نے ٹورانٹو اور اس کے اردگرد کی جماعتوں کا دورہ فرمایا تھا۔ امسال اس دورہ میں حضور انور نے کینیڈا کی مغربی جماعتیں بھی شامل فرمائی ہیں۔

وینکوور کا شہر ٹورانٹو شہر سے (جہاں جماعت کا مرکزی مشن ہاؤس اور بیت السلام ہے) ساڑھے چار ہزار کلومیٹر کے فاصلہ پر کینیڈا کے مغرب میں برٹش کولمبیا سٹیٹ میں بحر الکاہل کے کنارے پر واقع ہے۔ یہ کینیڈا کا تیسرا بڑا شہر ہے اور یہ مغربی کینیڈا کا انمول ہیرا (Crown Jewel) کہلاتا ہے۔ برٹش کولمبیا سٹیٹ کی کل آبادی 4.1 ملین ہے جبکہ کینیڈا کی صرف اس ایک سٹیٹ (صوبہ) کا رقبہ پاکستان کے پورے ملک سے 1,40,795 مربع کلومیٹر زیادہ ہے جس سے اس صوبہ کی وسعت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ کینیڈا کا یہ خوبصورت صوبہ گھنے جنگلات، سرسبز پہاڑوں، برف پوش چوٹیوں، گلیشیئرز، وسیع وعریض جھیلوں، قدرتی آبشاروں، دریاؤں اور ندیوں پر مشتمل ہے۔

برٹش کولمبیا کے اس صوبہ میں قائم جماعت احمدیہ وینکوور (Vancouver) بھی ان خوش نصیب جماعتوں میں شامل ہوگئی ہے۔ جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ عظیم سعادت ان کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

5 جون 2005ء

چار بجکر دس منٹ پر نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رہائشی حصہ کے عقبی لان میں نماز کے لئے لگائی گئی مارکی میں تشریف لا کر پڑھائی۔ وینکوور شہر کے مختلف علاقوں میں مقیم احباب جماعت مرد، خواتین، بچے اور بوڑھے نماز کی ادائیگی کے لئے پہنچے اور حضور انور کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

صبح کے وقت حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

پروگرام کے مطابق کل کے لمبے سفر کی وجہ سے آج صبح آرام کے لئے وقت رکھا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے کچھ وقت کے لئے سیر پر جانے کا ارشاد فرمایا۔ چنانچہ اس کے مطابق پروگرام ترتیب دیا گیا۔ حضور انور صبح دس بجے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور وینکوور شہر کی سیر کے لئے روانہ ہوئے۔

موسم ابر آلود تھا اور ہلکی پھلکی بونداباندی ہو رہی تھی۔ سب سے پہلے قافلہ وینکوور شہر کے ڈاؤن ٹاؤن (Down Town) میں واقع کینیڈا پلیس (Canada Place) رکا۔ یہ ایک سمندری کھائی یا خلیج پر واقع ایک بہت خوبصورت عمارت ہے جسے فاصلے سے دیکھیں تو ایک بہت بڑا بحری جہاز لگتا ہے جو سمندر کے ساحل پر لنگر ڈالے کھڑا ہو۔

حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے کینیڈا پلیس کے شمالی صحن پر ساحل سمندر کے ساتھ ساتھ چلنا شروع کیا۔ ہلکی بارش کا سلسلہ جاری تھا۔ حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ نے چھتری کے تلے چلنے کی بجائے اس خوشگوار ہلکی بارش میں ہی ساحل سمندر کی سیر جاری رکھی۔ اس دوران حضور انور نے اس عمارت کے دونوں جانب لنگر انداز دو بڑے بڑے تفریحی سمندری جہاز بھی دیکھے جن میں سے ہر ایک میں تین ہزار کے لگ بھگ سیاح ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ بحری جہاز الاسکا جاتے ہوئے ایک دو دن کے لئے وینکوور کی بندرگاہ پر ٹھہرتے ہیں۔

اسی سیر کے دوران سمندر پر سے ٹیک آف کرنے والے اور سمندر پر لینڈنگ کرنے والے چھوٹے ہوائی جہاز بھی نظر آئے۔ جو پہلے کشتی کی طرح سمندر میں تیر رہے تھے پھر ذرا تیرتے ہوئے فضا میں بلند ہوگئے۔

قریباً نصف گھنٹہ کی سیر کے بعد قافلہ کاروں میں آگے روانہ ہوا اور قریب ہی ایک جزیرہ نما پر واقع مشہور سٹینلے پارک (Stanley Park) میں پہنچا۔ اس دوران بارش تیز ہوگئی۔ اس لئے بغیر رکے آہستہ آہستہ کاریں چلتی رہیں اور سیر کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ سڑک کے ایک طرف ساحل سمندر تھا جبکہ دوسری طرف گھنے جنگلات تھے۔ دور دور تک وینکوور کے نواحی پہاڑوں کی برف پوش چوٹیاں بادلوں اور دھند میں چھپی ہوئی تھیں اور بڑا خوبصورت منظر تھا۔

راستہ میں کچھ دیر ایک مقام پر رکنے کے بعد قافلہ آگے روانہ ہوا۔ اور English Bay کے ساحل کے ساتھ ساتھ چلتا ہوا یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا (UBC) کے کیمپس میں سے گزرا۔ اس طرح دو اڑھائی گھنٹے کی سیر کے بعد ساڑھے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی قیام گاہ پر واپس تشریف لے آئے۔

پانچ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے احمدیہ مشن ہاؤس وینکوور کے لئے روانہ ہوئے جہاں حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد ساڑھے چھ بجے فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج وینکوور جماعت کی 56 فیملیز کے 321 ممبران نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ملاقات کی سعادت حاصل کرنے والوں میں امریکہ سے آنے والی ایک فیملی بھی شامل تھی۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ رات نو بجکر چالیس منٹ تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں اور نمازوں کی ادائیگی کے بعد قیام گاہ کے لئے روانہ ہوئے۔ ساڑھے دس بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ پہنچے۔

جلسہ یوم خلافت مجلس نابینا

مکرم پروفیسر چوہدری خلیل احمد صاحب صدر مجلس نابینا تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 5۔ جون 2005ء کو مجلس نابینا ربوہ نے یوم خلافت کے سلسلہ میں ایک اجلاس منعقد کیا اجلاس محترم حافظ محمود احمد ناصر صاحب نائب صدر مجلس نابینا کی صدارت میں منعقد ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد پہلی تقریر محمد الیاس صاحب اکبر سیکرٹری اشاعت مجلس نابینا نے کی۔ دوسری تقریر محترم طالب حسین صاحب نے اور تیسری تقریر مکرم حافظ محمود احمد ناصر صاحب نے کی۔ آخر پر صدر صاحب مجلس نے دعا کروائی اور اس طرح یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ بعد میں اراکین مجلس کی چائے اور مٹھائی سے تواضع کی گئی۔

اطلاعات واعلانات

ولادت

مکرم طاہر احمد سندھو صاحب کارکن تزئین ربوہ کمیٹی تحریر کرتے ہیں کہ مجھے خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 12 مئی 2005ء کو دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ کا نام عروہ طاہر تجویز ہوا ہے اور وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچی مکرم چوہدری عنایت علی صاحب سندھو جسو کی ضلع گجرات حال مقیم دارالعلوم جنوبی ربوہ کی پوتی ہے اور مکرم محمد اکرم باجوہ صاحب مرحوم سابق صدر جماعت احمدیہ بھاگووال ضلع سیالکوٹ کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے بچی کے نیک خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

اعلان داخلہ

پاکستان نیوی ٹرم B-2005 میں بطور کیڈٹ شامل ہو کر الیکٹرونکس، مکینیکل انجینئرنگ، بزنس ایڈمنسٹریشن میں بیچلرز ڈگری کے ساتھ باوقار پیشہ اپنایئے۔ اس سلسلہ میں پاکستان نیوی نے موبائل رجسٹریشن کا اعلان کیا ہے جس کی تفصیل روزنامہ جنگ اور ڈان مورخہ 8 مئی 2005ء سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

قومی احتساب بیورو سندھ نے محکمہ تعلیم کے اشتراک سے کالج و یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کے درمیان مقابلہ مضمون نویسی کا انعقاد کیا ہے جس کا موضوع ''معاشرتی رکن کی حیثیت سے رشوت ستانی کے خاتمے میں طلبہ کا کردار'' ہے۔ مضمون کے ہمراہ درخواست فارم کا منسلک ہونا لازمی ہے جو کہ نیب کی ویب سائٹ (www.nab.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ مضمون 5/اگست 2005ء تک تعلیمی ادارے کے توسط سے محکمہ تعلیم حکومت سندھ کو ارسال کئے جاسکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ (کراچی) مورخہ 27 مئی 2005ء ملاحظہ کریں۔

یونائٹڈ اسٹیٹ ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان نے فل برائٹ سکالر پروگرام کا اعلان کیا ہے یہ پروگرام USA میں (Teach or Pursue Research) پر مشتمل ہوگا۔ امریکہ کے کسی بھی کالج یا یونیورسٹی میں دس ماہ کی لیکچر شپ ہوگی اور دس ماہ کی پوسٹ ڈاکٹرل ریسرچ ہوگی۔ امیدوار کیلئے پی ایچ ڈی ہونا لازمی ہوگا۔ اس سلسلہ میں درخواست مورخہ 15 جون 2005ء کو درج ذیل ایڈریس پر ارسال کی جائے۔

U.S Educational Foundation in Pakistan

P.O.Box 1128, Islamabad 44000

E.mail=info@usefpakistan.org

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت عمر بن الخطابؓ کی پاکیزہ زندگی کے نادر واقعات

آپ توحید کی غیرت رکھنے والے، علم کے قدردان، قول کے پکے، نورِ فراست سے مزین اور عاجزی کا پیکر تھے

مکرم حافظ عبدالحی صاحب بھٹی

عاجزی کا پیکر

حضرت ام سلمہؓ نے بیان کیا: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرے کچھ صحابہ ہیں جنہیں مرنے کے بعد میں نہ دیکھوں گا اور نہ وہ مجھے دیکھ پائیں گے‘‘ جب حضرت عمرؓ کو اس حدیث کا پتہ چلا تو آپ دوڑتے ہوئے حضرت ام سلمہؓ کے پاس گئے اور عرض کی: میں آپ کو خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا میں بھی ان میں شامل ہوں؟ حضرت ام سلمہ نے فرمایا: نہیں! لیکن اب تمہارے بعد میں کسی اور کے بری الذمہ ہونے کے بارے میں نہیں بتاؤں گی۔

(مسند احمد بن حنبل رقم الحدیث 26611 دار الفکر بیروت)

دعا پر یقین

حضرت عمرؓ کے دور میں جب قحط پڑا تو چرواہوں نے یہ پیشہ چھوڑ دیا اور ریوڑ بیکار ہو گئے۔ حضرت کعب الأحبار نے کہا: امیر المؤمنین بنی اسرائیل جب قحط کا شکار ہوتے تھے تو وہ انبیاء کے رشتہ داروں کے وسیلہ سے بارش مانگا کرتے تھے تو آپ نے حضرت عباس بن عبد المطلب کا ہاتھ پکڑ کر ابر رحمت کے لئے دعا کی۔

(البیان والتبیین 3:38)

حضرت سائب بن یزید بیان کرتے ہیں کہ قحط سالی کے دنوں میں میں نے حضرت عمرؓ کو ایک دن دیکھا آپ کے اوپر ایک چادر تھی جو بمشکل آپ کے گھٹنوں تک پہنچ رہی تھی اور آپ انتہائی عاجزی سے گڑگڑاتے ہوئے استغفار پڑھ رہے تھے اور آپ کے آنسو گالوں پہ بہہ رہے تھے اور آپ کے دائیں حضرت عباس بن عبد المطلب کھڑے تھے۔ آپ نے اس دن قبلہ رخ ہو کر ہاتھ آسمان کی طرف بلند کئے اور بلند آواز کے ساتھ اپنے رب سے مناجات کرنے لگے۔ تو لوگ بھی آپ کے ساتھ شامل ہو گئے پھر آپ نے حضرت عباس کا ہاتھ پکڑا اور کہنے لگے: یا رب ہم تیرے رسول کے چچا کے وسیلہ سے تیری مدد مانگتے ہیں۔ حضرت عمرؓ ان کے پہلو میں کھڑے یہ دہراتے رہے اور حضرت عباس بھی آپ کے ساتھ کھڑے دعا کرتے اور روتے رہے۔

خوف قیامت

ایک رات حضرت عمرؓ اپنے ایک غلام عبد الرحمٰن کے ساتھ نکلے آپ ایک گھر کے پاس سے گزر رہے تھے کہ آپ کو تلاوت قرآن کریم کی آواز سنائی دی تو آپ رک گئے۔ اندر کوئی شخص نماز میں (والطّور) کی تلاوت کر رہا تھا یہاں تک کہ جب وہ (ان عذاب ربک لواقع) کہ یقیناً تیرے رب کا عذاب نازل ہو کر رہنے والا اور اسے کوئی روک نہیں سکتا! تو آپ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم یہ سچ ہے! پھر آپ نے اپنے غلام سے کہا: جاؤ اپنا کام کر آؤ! اور خود دیوار کا سہارا لیکر وہیں بیٹھ گئے۔ کافی دیر ہو گئی تو عبد الرحمٰن نے کہا: آپ بھی جس کام کے لئے نکلے ہیں پورا کر لیں! تو آپ نے کہا: آج تو میں کچھ بھی نہیں کر سکتا! پھر آپ اپنے گھر تشریف لے آئے اور بیمار پڑ گئے اور پورا ایک مہینہ بیمار رہے لوگ آپکی عیادت کے لئے آتے رہے لیکن بیماری جاننے سے قاصر رہے۔

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر 44:308)

عادل امام

حضرت جریر بن عبد اللہ البجلیؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ کے ساتھ تھا جو دشمن پہ بہت بھاری پڑتا تھا۔ ایک معرکہ میں مال غنیمت ہاتھ آیا تو حضرت ابوموسیٰ الاشعری نے اسے اس کے حصہ کا کچھ حصہ دینا چاہا تو اس نے کہا: کہ مجھے سارا کا سارا حصہ ابھی چاہئے! جس پر حضرت ابوموسی الاشعریؓ نے اسے 20 کوڑے لگوائے اور گنجا کروا دیا۔ اس شخص نے اپنے بال اکٹھے کئے اور حضرت عمرؓ کے پاس جا پہنچا اور کہا: امیر المؤمنین میں ایک بہترین لڑاکا ہوں اور میرے ساتھ یہ یہ ہوا ہے! آپ نے فرمایا: اگر سارے کے سارے لوگ اسی طرح اپنی رائے کے پکے ہو جائیں تو مجھے تمام اموال غنیمت سے زیادہ اچھا لگے گا! اور پھر آپ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کو لکھا: السلام علیکم! مجھے فلاں شخص نے اس طرح شکایت کی ہے اگر تو نے یہ کام لوگوں کے سامنے کیا ہے تو تمہیں لوگوں کے سامنے اس کا بدلہ چکانا پڑے گا اور اگر تم نے یہ کام خلوت میں کیا ہے تو تمہیں خلوت میں اس کا بدلہ دینا ہوگا! جب حضرت ابوموسی اشعریؓ آ گئے تو لوگوں نے کہا: انہیں چھوڑ دو! تو اس شخص نے کہا: خدا کی قسم میں اسے کسی کی خاطر چھوڑنے کا نہیں! اور جب حضرت ابو موسی اشعریؓ اس کے سامنے بیٹھ گئے تا کہ وہ آپ کے بال مونڈے تو اس شخص نے آسمان کی طرف منہ اٹھایا اور کہا: اے میرے اللہ میں اسے معاف کرتا ہوں۔

(مناقب أمیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ؛ لابن الجوزی؛ صفحہ 119 باب 38؛ دار و مکتبہ الھلالی؛ بیروت لبنان)

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن جب حضرت عمرؓ بیٹھے ہوئے تھے تو مصر سے ایک شخص آیا اور آپ سے کہنے لگا: امیر المؤمنین میں یہاں آپ کی پناہ میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: تو جواب دینے والے کی پناہ میں ہے اپنا معاملہ بیان کر! اس نے کہا کہ ریس میں میں عمرو بن العاص والئ مصر کے بیٹے کے گھوڑے سے آگے نکل گیا تو اس نے مجھے اپنے کوڑے سے مارنا شروع کر دیا اور کہنے لگا میں سرداروں کا بیٹا ہوں! اور پھر جب اس کے باپ عمرو کو اس کا پتہ چلا تو اس نے اس ڈر سے کہ کہیں میں آپ کے پاس شکایت نہ کردوں مجھے قید کر دیا اب میں بڑی مشکل سے نکل کر آپ کے پاس آیا ہوں۔ آپ نے حضرت عمرو بن العاص کو لکھا کہ: یہ میرا خط تمہیں ملے تو اس موسم حج میں اپنے فلاں بیٹے کو ساتھ لے کر چلے آنا! اور اس مصری شخص کو کہا کہ: جب تک وہ آئے ٹھہرے رہو۔ حضرت عمرو بن العاص اس حج پہ آئے اور جب حضرت عمرؓ حج سے فارغ ہو کر حضرت عمرو بن العاص اور ان کے بیٹے سمیت لوگوں کے پاس بیٹھے تھے تو وہ مصری شخص کھڑا ہوا۔ حضرت عمرؓ نے کوڑا اسکی طرف اچھالا اور کہا: سرداروں کے بیٹے کو مارو۔ حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ اس شخص نے اس لڑکے کو مارا اور ہم چاہتے تھے کہ وہ اسے مارے۔ وہ مارتا رہا اور رکا نہیں یہاں تک کہ اتنا مارا کہ ہمیں خواہش پیدا ہوئی کہ وہ رک جائے! جبکہ حضرت عمرؓ برابر کہے جا رہے تھے کہ سرداروں کے بیٹے کو مارو! پھر مصری نے کہا: میں نے بدلہ لے لیا اور میری تشفی ہو گئی ہے! پھر حضرت عمرؓ نے کہا کہ اسے عمرو کے سر پہ بھی مارو! اس نے کہا: امیر المؤمنین جس نے مجھے مارا تھا میں نے اسے مار لیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا خدا کی قسم اگر تم اسے بھی مارتے تو تمہیں کوئی بھی نہ روکتا یہاں تک کہ تم خود ہی رکتے! پھر عمرو بن العاصؓ سے کہا: عمرو تم نے لوگوں کو کب سے غلام بنا لیا ہے جبکہ ان کی ماؤں نے انہیں آزاد پیدا کیا ہے۔

(المستطرف جلد 1 ص 341 باب 20)

عمر بن شیبہ بیان کرتے ہیں کہ عمرو بن العاص نے تجیب کے ایک شخص کو منافق کہا: وہ حضرت عمرؓ کے پاس گیا اور کہا: عمرو نے مجھے منافق کہا ہے اور خدا کی قسم جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے میں نے منافقت نہیں کی۔ حضرت عمرؓ نے عمرو بن العاص کو لکھا: فلاں تجیبی شخص نے دعوی کیا ہے کہ تم نے اسے منافق قرار دیا ہے۔ میں نے اسے حکم دیا ہے کہ اگر وہ دو گواہ پیش کر دے تو تجھے چالیس کوڑے مارے۔ وہ شخص حضرت عمرو بن العاص کے پاس پہنچا اور اس نے وہاں لوگوں کو خدا کا واسطہ دے کر گواہی دینے کو کہا: جس پہ لوگوں نے اس کی بات کی تصدیق کی تو حنتمہ نے اس شخص سے کہا: کیا تو امیر کو مارے گا؟ اور کہا: میں اس کا تاوان دے دیتا ہوں! اس شخص نے کہا خدا کی قسم اگر تو اس عمارت کو مال سے بھر دے تب بھی میں اس پہ راضی نہ ہونگا! حنتمہ نے دوبارہ حیرت سے کہا: کیا تو امیر کو ماریگا؟ تو اس شخص نے کہا: لگتا ہے یہاں عمر کی اطاعت نہ کی جائے گی! اور چل پڑا تو حضرت عمرو بن العاص نے اس شخص کو بلانے کا کہا؛ اور پھر اسے کوڑا پکڑا کر اس کے سامنے بیٹھ گئے۔ اس شخص نے پوچھا: کیا اب بھی تم مجھے اپنی امارت کے ذریعہ روک سکتے ہو؟ تو آپ نے کہا: نہیں؛ اور اسے کوڑے مارنے کا کہا۔ اس پر اس شخص نے کہا: میں آپ کو معاف کرتا ہوں!

(مناقب امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ؛ لابن الجوزی؛ باب ۳۸؛ مکتبہ الھلالی؛ بیروت لبنان)

احساس ذمہ داری

حضرت اسلم بیان کرتے ہیں کہ ایک رات حضرت عمر بن الخطابؓ گھوم رہے تھے کہ دیکھا ایک عورت کے گرد اس کے بچے بیٹھے رو رہے ہیں جبکہ ہنڈیا چولہے پہ چڑھی ہوئی ہے۔ آپ دروازے کے قریب ہوئے اور پوچھا: یہ بچے کیوں رو رہے ہیں؟ عورت نے کہا: بھوک سے! آپ نے پوچھا تو اس ہنڈیا میں کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میں نے اس میں پانی ڈالا ہے تا کہ یہ بچے بہل کر سو جائیں! تو حضرت عمرؓ رونے لگ گئے اور فوراً اپنے گھر کو گئے ایک تھیلا لیا اس میں آٹا گھی کھجور اور درہم ڈالے اور مجھ سے کہا: یہ مجھے اٹھوا دو! میں نے کہا: میں اٹھائے لیتا ہوں. آپ نے فرمایا نہیں! اسے میں ہی اٹھاؤں گا کیونکہ آخرت میں مجھ سے ہی ان کے بارے میں پوچھا جائے گا! پھر آپ نے اسے اپنے کندھوں پہ اٹھایا اور اس عورت کے گھر گئے خود ہنڈیا میں کچھ آٹا گھی اور

کھجور ڈالی اور اسے پکانے لگے آگ بجھتی تو خود پھونکیں مار مار کر جلاتے۔آپ کی داڑھی کافی بڑی تھی اور دھواں اس میں سے گزر رہا تھا۔ یہانتک کہ کھانا پک کر تیار ہوگیا تو آپ نے خود انہیں کٹوروں میں ڈالا اور پھر خود ان بچوں کو کھلانے لگے اور جب وہ سیر ہو گئے تو ان بچوں سے کھیلنے لگے اور ان کے سامنے بیٹھ کر انہیں خوش کرنے لگے اور جب وہ بچے ہنسنے لگے تو وہاں سے روانہ ہوئے۔تو مجھ سے فرمایا: پتہ ہے میں کیوں ان کے سامنے درندے کی طرح بیٹھا تھا ؟میں نے کہا:جی نہیں!تو فرمایا میں نے انہیں روتے دیکھا تھا میرا دل چاہا کہ انہیں ہنستے دیکھوں !اور جب وہ ہنس دئے تو میرا دل مطمئن ہوگیا۔

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر 44:353:352)

حضرت علی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو تیزی سے دوڑتے دیکھا تو پوچھا عمر کہاں جا رہے ہیں؟ آپ نے کہا: صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ بھاگ گیا ہے! میں اسے ڈھونڈ رہا ہوں !تو میں نے کہا:عمر آپ نے اپنے بعد آنے والے خلفاء کو ذلیل کر دیا ہے! (یعنی آپ نے تقویٰ کے باریک راستوں پہ چلتے ہوئے اپنے بعد آنے والے خلفاء کے لئے ایسی سنت قائم کردی ہے جس پہ قائم رہنا ان کے لئے مشکل ہوگا: راقم) تو آپ نے کہا:ابوالحسن مجھے ملامت نہ کرو؛ قسم ہے اس ذات کی جس نے محمدؐ کو نبوت دیکر مبعوث کیا اگر اونٹنی کا کوئی بچہ بھی دریائے فرات کے کنارے نکل جاتا ہے تو قیامت والے دن عمر سے اس کا مؤاخذہ ہوگا۔

(مناقب عمرؓ لابن جوزی صفحہ 191؛باب 50)

پرکھ کی کسوٹی

ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے کہا: فلاں شخص بہت سچا ہے! حضرت عمر نے اس سے پوچھا کیا تم نے اس کے ساتھ سفر کیا ہے؟اس نے کہا:نہیں۔ آپ نے پوچھا کیا تمھارے اور اس کے درمیان دشمنی رہی ہے؟ اس نے کہا:نہیں۔آپ نے پوچھا: کیا کوئی امانت اس کے پاس رکھوائی ہے ؟اس نے کہا نہیں آپ نے کہا : پھر تم اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتے! لگتا ہے تم نے مسجد میں سر اٹھاتے اور رکھتے دیکھا ہے!

(الف قصہ وقصہ من قصص الصالحین ؛لھانی ءالحاج؛رقم القصہ 314 صفحہ 202:المکتبہ التوفیقیہ ؛دمشق سوریا)

شفیق باپ اور مہربان خلیفہ

ایک عامل حضرت عمر کے پاس آئے تو انہیں اپنے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا۔کوئی ان کے بازو سے لپٹا ہوا تھا تو کوئی ان کی پیٹھ پہ چڑھا ہوا تھا۔ عامل نے کہا: امیر المؤمنین یہ کیا؟ کیا آپ اپنی اولاد کے ساتھ ایسے رہتے ہیں ؟تو حضرت عمرؓ نے ان کی طرف متوجہ ہوکر پوچھا :اور تم ؟ تم اپنے گھر میں کیا کرتے ہو؟ عامل نے کہا : میں تو جب گھر میں داخل ہوتا ہوں تو بیٹھا ہوا کھڑا ہوجاتا ہے اور باتیں کرنے والا خاموش ہو جاتا ہے اور سویا ہوا سیدھا ہو جاتا ہے۔ میرے دس بچے ہیں میں نے کبھی کسی کو نہیں چوما! اس پر حضرت عمر نے فرمایا تب تو تم مسلمانوں پہ والی ہونے کے لائق نہیں اور پھر انہیں معزول کرنے کا حکم دے دیا.

(المستطرف؛ 394:1؛باب 24)

بخشش کا طالب اور باریک بینی سے نصیحت پہ عمل کرنے والا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت اویس قرنی کے بارے میں بیان کیا کہ وہ اہل یمن میں سے ہے اورقرن نامی بستی میں رہتا ہے اور اس کے قبیلہ کا نام مراد ہے۔اسکا باپ وفات پا چکا ہے اور وہ اپنی ماں کے ساتھ رہ رہا ہے اور ان سے بہت حسن سلوک کرتا ہے اسے برص ہوئی تو اس نے اللہ سے دعا کی اور اللہ نے اسے شفا دے دی۔

بس اسکے بازو پہ اس کا درھم کے برابر نشان ہے۔ وہ تابعین کا سردار ہے! پھر آپ نے حضرت عمر سے کہا: اگر اس سے اپنے لئے بخشش کی دعا کروا سکو تو ضرور کروانا۔ حضرت عمرؓ جب خلیفہ بنے تو ہر سال حاجیوں سے پوچھتے تھے کہ کیا تم میں کوئی اویس قرنی ہے؟ پھر پوچھتے تم نے اسے کس حال میں چھوڑا ہے؟تو وہ لوگ حضرت اویس کی قدرومنزلت جانے بغیر کہتے کہ:اسکے پاس تھوڑا سا ساز وسامان ہے اور کپڑے بھی پھٹے پرانے ہیں!اس پر حضرت عمرؓ فرماتے :تمھارا برا ہو! رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا ہے:اگر تم اس سے اپنی بخشش کی دعا کروا سکو تو کروا لو!اس طرح حضرت عمرؓ ہر سال ان کا انتظار فرماتے۔ آخر ایک سال وہ یمن کے حاجیوں کیساتھ آگئے۔ حضرت عمرؓ ان سے ملے اور یقین کے لئے ان سے انکا نام پوچھا انہوں نے کہا: اویس۔ آپ نے پوچھا: یمن کے کس علاقہ سے ہو؟ انہوں نے کہا: قرن. آپ نے پوچھا: کونسے قبیلے سے؟ انہوں نے کہا: مراد. آپ نے پوچھا تمھارے والد کیسے ہیں؟ انہوں نے کہا: میرے والد فوت ہوگئے ہیں اور میں اپنی والدہ کے ساتھ رہ رہا ہوں۔ آپ نے پوچھا : تمھارا ان سے سلوک کیسا ہے؟ انہوں نے کہا: میں ان سے حسن سلوک کرنے والا ہوں. آپ نے پوچھا کبھی بیمار ہوئے ہو؟ انہوں نے کہا: ہاں مجھے برص ہوئی تھی میں نے اللہ سے دعا کی تو اس نے شفا دے دی. آپ نے پوچھا: کیا اس کا کوئی نشان ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں میرے بازو پہ درھم کے برابر اس کا نشان ہے۔ پھر انہوں نے وہ نشان دکھایا۔ جب حضرت عمر نے اسے دیکھا تو انہیں گلے لگا لیا۔ اور کہنے لگے تم ہی ہو جن کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ہے۔ پس تم میرے لئے مغفرت کی دعا کرو۔ انہوں نے کہا امیر المؤمنین میں آپ کے لئے مغفرت کی دعا کروں؟ آپ نے کہا : کیوں نہیں. پھر حضرت عمرؓ بڑے الحاح سے انہیں کہتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے آپ کے لئے مغفرت کی دعا کی۔ پھر حضرت عمرؓ نے ان سے ان کے حج کے بعد کا ارادہ پوچھا۔ انہوں نے کہا: میں مراد جا رہا ہوں اور پھر عراق جاؤں گا۔ آپ نے کہا : میں والی عراق کو آپ کے بارے میں لکھے دیتا ہوں! انہوں نے کہا: آپ کو خدا کی قسم ہے کہ ایسا نہ کریں ! مجھے ان مفلسین میں ہی چلتے پھرتے رہنے دیں جن کی کوئی پروا نہیں کی جاتی!

(الف قصہ وقصہ من قصص الصالحین ؛لھانی ءالحاج؛رقم القصہ 354 صفحہ 218:المکتبہ التوفیقیہ ؛دمشق سوریا)

غیبت سے نفرت اور قرآنی معارف پہ گہری نظر رکھنے والا

ایک دن ایک شخص حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور آپ کے کسی ساتھی کے متعلق چغلی کرنے لگا اور اس کے عیب کھول کھول کر بیان کرنے لگا اور آپ کو اس کے خلاف خوب بھڑکانے کی کوشش کی جب وہ اپنی چغلخوری سے فارغ ہوا تو حضرت عمرؓ نے سر جھکا لیا گویا کہ اس کی چغلخوری کے متعلق سوچ رہے ہیں پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا اور اس شخص سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر تو چاہے تو ہم تیرے معاملہ میں غور کریں گے اور تیری باتوں کی پڑتال کریں گے! اگر تو سچا ہوا تو تو ان لوگوں میں سے ہوگا جن کا اس آیت میں ذکر آیا ہے کہ: اے مومنو! اگر کوئی فاسق تمھارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو چھان بین کر لیا کرو تا کہ جہالت کی وجہ سے تم کسی قوم کو جا نہ لو اور پھر اپنے کئے پہ نادم ہونا پڑے! اور اگر تو جھوٹا ہے تو تیرا شمار اس گروہ میں ہے جس کا اس آیت میں ذکر آیا ہے : کہ تو ہر بہت زیادہ قسمیں کھانے والے حقیر بہت زیادہ عیب چین اور چغل خور شخص کی اطاعت نہ کر! پھر حضرت عمرؓ نے اس شخص سے کہا اور اگر تو چاہے تو ہم تمہیں معاف کر دیتے ہیں لیکن آج کے بعد تو ہماری مجلس میں نہ آنا کیونکہ تو مؤمنین کا جلیس نہیں ہوسکتا! اس پر اس شخص کو اپنا آپ بہت چھوٹا دکھائی دیا اور اس نے کہا: اے امیر المؤمنین میں معافی چاہتا ہوں اور وعدہ کرتا ہوں کہ آئندہ کبھی چغلی نہیں کروں گا. پھر وہ بہت شرمندگی کے ساتھ آپ کی مجلس سے نکل گیا.

(ألف قصہ وقصہ من قصص الصالحین ؛ ھانی ءالحاج؛رقم القصہ 356 صفحہ 219:المکتبہ التوفیقیہ ؛دمشق سوریا)

نمود ونمائش سے بیزار حق شناس

حضرت عمرؓ ایک گدھے پہ مدینہ سے شام تشریف لے گئے۔ حضرت معاویہ ایک پر شوکت سواری پہ آپ کے استقبال کے لئے آئے تو آپ نے ان سے منہ موڑ لیا۔ تو وہ آپ کے پہلو میں پیدل چلنے لگے۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ نے آپ سے عرض کی: آپ نے اسے تھکا دیا ہے! اس پر آپؓ امیر معاویہ کے سامنے کھڑے ہو گئے اور فرمایا: تم اپنے دروازے پہ کھڑے حاجت مندوں کے ہوتے ہوئے اس قدر شاندار سواری استعمال کر رہے ہو؟! انہوں نے کہا: جی امیر المؤمنین. آپ نے پوچھا کیوں؟ انہوں نے کہا: ہم ایسے علاقہ میں ہیں جہاں دشمن کے جاسوس ہوسکتے ہیں۔ تو ضروری ہے کہ ہم ایسا رکھ رکھاؤ رکھیں جس سے ان کے دل میں سلطان کی ہیبت بیٹھی رہے۔ اب اگر آپ مجھے حکم دیتے ہیں تو میں یہ کرونگا اور اگر منع کرتے ہیں تو میں آئندہ اس سے باز رہوں گا۔ اس پر حضرت عمرؓ نے کہا: جو تو کہہ رہا ہے سچ ہے تو یہ ایک عقلمند ودانا کی رائے ہے اور اگر جھوٹ ہے تو یہ ایک ادیب کا فریب ہے۔ میں نہ تو اس کا حکم دیتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں۔

(الف قصہ وقصہ من قصص الصالحین ؛ ھانی الحاج؛رقم القصہ 420 صفحہ 259:المکتبہ التوفیقیہ ؛دمشق سوریا)

اپنے ساتھیوں کی خبر رکھنے والا

حضرت عمرؓ نے چارسو دینار کی ایک تھیلی ایک لڑکے کو دی اور کہا یہ ابوعبیدہ بن الجراح کے پاس لے جاؤ اور دیکھو وہ اس کا کیا کرتے ہیں! تو لڑکا وہ تھیلی ان کے پاس لے گیا اور کہنے لگا کہ یہ امیر المؤمنین نے آپ کی ضروریات کے لئے بھیجی ہیں. حضرت ابوعبیدہ نے کہا: کہ اللہ اس سے تعلق جوڑے اور اس پہ رحم کرے پھر آپ نے ایک لڑکی کو بلایا اور اس سے کہا یہ پانچ فلاں کو اور یہ سات فلاں کو دے آؤ یہاں تک کہ وہ تھیلی ختم ہوگئی۔ لڑکے نے واپس آ کر حضرت عمرؓ کو ساری بات بتائی۔ پھر آپ نے چارسو دینار کی ایک اور تھیلی بھر کر حضرت معاذ بن جبل کے پاس بھیجی اور کہا: دیکھنا وہ کیا کرتا ہے۔ لڑکا گیا اور آپ سے بھی وہی کہا جو حضرت ابوعبیدہ سے کہا تھا اور حضرت معاذ نے بھی وہی کیا جو حضرت ابوعبیدہ نے کیا تھا۔ جب لڑکے نے آ کر حضرت عمرؓ کو بتایا تو آپ فرمانے لگے یہ سب بھائی ہیں اور ایک جیسی عادات وصفات کے مالک ہیں۔

(المستطرف؛ 351:1؛باب 12)

رعایا کا محافظ

ایک رات حضرت عمرؓ مدینہ میں گشت کر رہے تھے کہ آپ نے ایک گھر سے کسی عورت کو شعر پڑھتے سنا جس کا مطلب تھا: کہ یہ رات لمبی ہوگئی ہے اور اس کا پہلو بھی تر ہوگیا جس نے مجھے بے خوابی میں مبتلا کیا ہوا ہے کیونکہ میرا کوئی دوست نہیں جس سے میں اٹھکیلیاں کروں ! خدا کی قسم اگر خدا نہ ہوتا تو میرے بستر کا ہر کونہ ہلتا ! لیکن خدا کا خوف ہے اور حیا ہے جو مجھے روک رہی ہے اور میرا خاوند اس سے بہت بلند ہے کہ اس کی سواریوں تک پہنچا جا سکے! پھر اس نے ایک لمبا سانس لیا اور کہا: عمر کے نزدیک تو میری تنہائی اور خاوند کی جدائی کوئی حیثیت نہیں رکھتی ! حضرت عمرؓ نے کھڑے ہوکر یہ سب سنا تو دروازہ کھٹکھٹایا۔ اس نے کہا یہ کون

(باقی صفحہ 6 پر)

محترم مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کی شخصیت اور خدمات

محترم پروفیسر راجا نصراللہ خان صاحب

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود اور پھر آپ کے خلفائے کرام کو خدمت دین اور خدمت سلسلہ کے لئے ایسے نادر اور اعلیٰ اوصاف والے بے شمار عشاق اور خدام عطا فرمائے کہ جن کی بلند ہمتی اور جانفشانی کا تذکرہ بلا شبہ بعد کی نسلوں کے لئے قابل تقلید نمونہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

خاکسار میٹرک کے بعد تعلیم الاسلام کالج کے طالبعلم کی حیثیت سے مرکز سلسلہ ربوہ میں مقیم تھا اس زمانہ میں کئی عظیم المرتبت بزرگوں کی زیارت نصیب ہوئی اور گاہے گاہے ان کے پرجذب و دلنشیں بیانات و نصائح سننے کا شرف حاصل ہوا۔ محترم مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کو بھی خاکسار نے اسی زمانہ میں دیکھا۔ نہایت ہی مستعد اور بارعب شخصیت کے مالک تھے۔ سر پر ایک خاص انداز کی سفید پگڑی۔ ہم نوجوانوں کے لئے آپ کی شخصیت کافی بارعب اور کم گو (Reserved) محسوس ہوتی تھی اور شائد اسی لئے زمانہ طالبعلمی میں ہمیں ان سے تعارف حاصل کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ البتہ ان کے کچھ کارنامے اب تک یاد ہیں۔ مثال کے طور پر ایک دو باتیں عرض کرتا ہوں۔

حضرت مصلح موعود کی طرف سے جبے کا تحفہ

محترم مولانا ابوالمنیر صاحب کے متعلق خاکسار نے اپنے زمانہ طالبعلمی میں یہ بات بھی سن رکھی تھی کہ حضرت مصلح موعود جب تفسیر قرآن کا عظیم کام سرانجام دے رہے ہیں اس سلسلہ میں مولانا ابوالمنیر صاحب بھی حضور کی خدمت میں حاضر رہ کر بہت محنت اور وقت خرچ کرتے ہیں۔ اس خدمت کے سلسلہ میں حضور نے ازراہ تلطف وخوشنودی مکرم مولانا کو اپنا جبہ عنایت فرمایا تھا۔

محترم مولانا نے خاکسار کو بتایا کہ انہوں نے حضرت مصلح موعود کا وہ بابرکت چوغہ بہت عقیدت اور حفاظت سے سنبھال کر رکھا ہوا ہے۔ بے شک جبے کا عطا ہونا ایک خاص اعزاز تھا۔ اس واقعہ کا ذکر تاریخ احمدیت جلد نہم ص 126 کے حاشیے میں درج ہے۔

مولانا سے ملاقات

تقریباً وسط 1985ء میں خاکسار ایک لمبے عرصہ کے بعد بیرون وطن سے پاکستان واپس آ کر مرکز میں مقیم ہوگیا۔ ایک دن اپنے ایک دیرینہ دوست اور کلاس فیلو سے ملنے تحریک جدید کے دفتر میں گیا تو سامنے سے مولانا ابوالمنیر صاحب تشریف لا رہے تھے۔ مولانا کو پہچاننے میں مجھے کوئی دقت نہ ہوئی کیونکہ مولانا ماشاء اللہ اسی طرح نظر آئے جیسا کہ میں نے انہیں 1956ء کے قریب دیکھا تھا۔ میں نے سلام عرض کیا تو بڑے تپاک اور مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ ملے۔ اگرچہ اس سے پہلے خاکسار کی محترم مولانا سے کبھی بالمشافہ ملاقات یا تعارف نہیں ہوا تھا لیکن وہ وہیں ٹھہر کر خاکسار کا حال احوال پوچھنے لگے اور بڑی شفقت سے گفتگو فرماتے رہے۔ اس دن خاکسار کو محسوس ہوا کہ جن مولانا کو ہم زمانہ طالبعلمی میں بہت سخت گیر اور الگ تھلگ رہنے والی شخصیت سمجھتے تھے وہ تو بہت خوش مزاج اور ملنسار بزرگ نکلے۔

باتیں ان کی یاد رہیں گی

اس کے بعد مولانا سے گاہے بگاہے ملاقات ہونے لگی۔ وہ ہمیشہ بہت شفقت اور اپنائیت سے ملتے۔ انہی دنوں میں محترم مولانا نے ازراہ شفقت خاکسار کو اپنے ہاں چائے کی دعوت پر بلایا۔ وہاں پر حاضر ہوا تو سلسلہ کے کئی عمائدین مدعو تھے جن میں سے بعض کے ساتھ خاکسار کو پہلی بار تعارف کا شرف حاصل ہوا۔ مولانا نے خوب پرتکلف چائے کا انتظام کر رکھا تھا۔ شرکائے مجلس بہت بے تکلفی سے مصروف گفتگو رہے۔ اس پُر رونق موقع کے بعد خاکسار کئی بار مولانا کے ہاں حاضر ہوا اور وہ بھی چند بار خاکسار کے غریب خانہ پر تشریف لائے۔ محترم مولانا ہمیشہ مسکراتے چہرے کے ساتھ دھیمے دھیمے لہجے میں گفتگو فرماتے تھے۔ ان ملاقاتوں میں انہوں نے اپنی زندگی کے کئی واقعات بھی سنائے۔

قادیان دارالامان میں سکونت

ایک ملاقات کے موقع پر محترم مولانا اپنے قادیان دارالامان میں آنے اور تعلیم حاصل کرنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمانے لگے ہمارے گھر کے حالات سازگار نہیں تھے اور والد صاحب مجھے تعلیم دلوانے کی پوزیشن میں نہیں تھے۔ چنانچہ ہم لوگ قادیان آ گئے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہمارے دن بدل دیئے۔

قادیان میں محترم مولانا نے مدرسہ احمدیہ اور پھر جامعہ احمدیہ میں اپنی تعلیم مکمل کی۔ آپ بہت ہونہار اور لائق طالب علم تھے اور امتحانات میں اول پوزیشن حاصل کرتے تھے۔ خاکسار کے پاس موجود کوائف کے مطابق آپ نے 1938ء میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور یونیورسٹی بھر میں دوم پوزیشن حاصل کی۔ 1938ء میں ہی آپ نے زندگی وقف کی۔

حضرت مصلح موعود کی خدمت میں

ایک موقع پر مولانا نے سنایا کہ ان کا خط (Hand Writing) بہت اچھا تھا اور حضرت مصلح موعود کے ساتھ تعلق اور حضور کی زیرنگرانی کام اور خدمت کرنے کی سعادت حاصل ہونے کی یہ وجہ بھی تھی کہ حضور جو کام دیتے میں بڑی محنت سے اسے نہایت خوشخط لکھ کر بروقت حضور کی خدمت میں پیش کر دیتا۔ اس پر حضور خوشنودی کا اظہار فرماتے۔

تفسیر کبیر جو کہ قرآنی علوم کا ایک عظیم خزانہ ہے۔ اس کے متعلق محترم مولانا نے خاکسار کو ایک حیرت انگیز بات بتائی وہ یہ کہ حضرت مصلح موعود فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن کریم کا جو علم مجھے ودیعت ہوا ہے اس کا نصف بھی تفسیر کبیر میں بیان نہیں ہو سکا۔ اللہ اللہ! یہ تھے حضرت مصلح موعود۔ علم کا سمندر!!

تفسیر کبیر اور دوسرے علمی کاموں کے سلسلہ میں محترم مولانا ابوالمنیر صاحب کو حضرت مصلح موعود کی لمبی خدمت کی توفیق ملی۔

حضرت مصلح موعود کی خاص شفقت

محترم مولانا ابوالمنیر صاحب نے ایک بار حضرت مصلح موعود کی شفقتوں کا ذکر کرتے ہوئے خاکسار کو بتایا کہ حضور نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے مولانا کے رشتے کا خود انتخاب فرمایا اور پھر شادی کے جملہ اخراجات بھی اپنے پاس سے عطا فرمائے۔

خاکسار نے تاریخ احمدیت جلد دہم میں پڑھا ہے کہ مولانا کی دعوت ولیمہ 23 دسمبر 1944ء کو قصر خلافت میں ہوئی۔ (جلد دہم ص 176)

کیمیا گری کا ثبوت

ایک بار مولانا نے ایک دلچسپ بات سنائی۔ فرمانے لگے کہ میرے والد محترم کو کیمیا گری کا بے حد شوق پیدا ہوگیا اور وہ اس پر بہت زیادہ وقت اور توانائی خرچ کرتے تھے۔ جب مجھے سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کی توفیق ملنے لگی اور مختلف علمی اور جماعتی سرگرمیوں کی سعادت حاصل ہونے لگی تو ایک روز میں نے اپنے والد محترم سے علیٰ وجہ البصیرت عرض کیا کہ آپ کیمیا گری کی کوششوں میں جو سرگرداں اور پریشاں رہتے ہیں وہ کامیابی آپ کو حاصل ہوگئی ہے کیونکہ آپ کے بیٹے کو جماعت کی خدمت اور حضرت مصلح موعود کی خوشنودی نصیب ہے۔ پس میں آپ کی کیمیا گری کا زندہ ثبوت ہوں۔ اس سے بڑھ کر آپ کو کیا چاہئے؟

اس سچی یقین دہانی سے مولانا نے اپنے والد محترم کی پریشانی اور سرگردانی کو بجا طور پر دور کر دیا۔

مولانا کا ایک ناقابل فراموش احسان

خاکسار نے 1988ء میں اپنے مختلف مطبوعہ مضامین اور تراجم کو ایک مجموعے (جو دل پر گزرتی ہے) کی شکل میں شائع کرنے کا ارادہ کیا۔ مسودے کی پروف ریڈنگ میں نے خود بھی کی لیکن پوری طرح تسلی نہ ہوئی۔ ایک دن میں مولانا کی خدمت میں حاضر تھا اور متذکرہ بالا مسودے کا ذکر ان سے کیا۔ میں مولانا کا یہ احسان بھول نہیں سکتا کہ انہوں نے بڑی پسندیدگی سے فرمایا کہ وہ خود مسودے پر نظر ثانی کریں گے۔ ماشاء اللہ مولانا تو اس کام کے دھنی تھے۔ انہوں نے "جو دل پر گزرتی ہے" کے مسودے کی نہایت توجہ اور عمدگی سے نظر ثانی کی اور چند ایک ایسی غلطیوں کی نشاندہی فرمائی جن کا درست کیا جانا نہایت ہی ضروری تھا۔

ایک عمدہ تحفہ

یہ ان دنوں کی بات ہے جب مولانا کی سب سے چھوٹی صاحبزادی اور ان کے میاں شاہد رضوان خان صاحب جاپان میں مقیم تھے۔ مولانا ان کی ملاقات کے لئے جاپان تشریف لے گئے۔ کچھ عرصہ بعد جب واپسی ہوئی تو ایک روز خاکسار کے غریب خانہ پر تشریف لائے اور خوب باتیں ہوتی رہیں۔ کھانے پینے میں مولانا نے کافی احتیاط سے کام لیا کہ ذیابیطس کی تکلیف کی وجہ سے بہت پرہیز کرتے تھے۔ دوران گفتگو فرمانے لگے کہ میں جاپان سے آپ کے لئے ایک تحفہ لایا ہوں۔ اور پھر ایک خوبصورت شرٹ (Shirt) خاکسار کو عنایت فرمائی۔ اس پر میں نے دلی شکریہ ادا کیا۔

سلسلہ کی خدمات کا وسیع دائرہ

محترم مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کو سلسلہ عالیہ احمدیہ کی طویل خدمات کے دوران مختلف حیثیتوں سے کام کرنے کے مواقع حاصل ہوئے جن سے ان کے تجربہ، تبحر علمی اور انتظامی صلاحیتوں میں زبردست اضافہ ہوا۔ ان کی وسیع ذمہ داریوں اور خدمات میں سے چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

قیام پاکستان کے بعد حضرت مصلح موعود نے انہیں ناظر انخلاء و آبادی مقرر فرمایا۔ بعد میں مولانا کو بیس سال تک جامعہ احمدیہ میں بطور استاد خدمات

بجالانے کی توفیق و سعادت حاصل ہوئی۔ جب حضرت مصلح موعود کی زیر ہدایت و نگرانی ادارۃ المصنفین کا قیام عمل میں آیا تو محترم مولوی صاحب کو اس کا مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر کیا گیا جو ان کی انتظامی و علمی صلاحیت کا ثبوت ہے۔

وقف جدید میں خصوصی خدمت

مولانا ابوالمنیر صاحب وقف جدید کے آغاز سے ہی اس کے ممبر مقرر ہوئے اور آخری لمحات تک اس سے وابستہ رہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے محترم مولانا کی وفات پر اپنے خطبہ جمعہ (5 جنوری 1996ء) میں مولانا کی خدمات کے تذکرے میں فرمایا: ”ہم ہمیشہ مالی معاملات میں حضرت مولوی صاحب کو ضرور مقرر کیا کرتے تھے کیونکہ یقین تھا کہ یہ مالی نگرانی میں بہت اعلیٰ مرتبہ رکھتے ہیں اور یقین ہوتا تھا کہ کسی غلط خرچ کی اجازت ہی نہیں دیں گے۔ اس لئے امانتوں پر دستخطوں کے لئے مولوی صاحب کا نام ضروری تھا اور اکاؤنٹس کو دیکھنے کے بعد جب تسلی کر لیتے تھے کہ درست خرچ ہو رہی ہے تب دستخط کیا کرتے تھے۔“

خلفائے احمدیت کی خدمت

